राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۲

**Original Publisher:** Pratham Books
**Author:** Shabnam Minwalla
**Illustrator:** Malvika Tewari
**Translator:** Khaja Moinoddin Shaikh

دُروی ایک پتنگہ ہے۔ جس نے ابھی ابھی اُڑنا سیکھا ہے. وہ پانی کے چھوٹے تالاب کے قریب اپنے دوستوں کے ساتھ اُڑتی رہتی ہے. وہ مینڈکوں کو پریشان کرتی ہے اور اپنے دوپہر کے کھانے میں مچھّروں کو کھاتی ہے.

شام کے وقت دُروی جنگل کے آس پاس اُڑتی رہتی ہے. وہ مکڑیوں کے جالے اور پرندوں کے گھونسلوں کی طرف دیکھتی ہے۔ لیکن آسمان میں گِھرے بادلوں کو نہیں دیکھتی.

ٹَپ!

پانی کی ایک بُوند درُوی کے سر پر ٹپکتی ہے. اَب درُوی گھر واپس جانا چاہتی ہے. لیکن وہ نہیں چاہتی کہ اس کے پَر گیلے ہوں۔

"مجھے ایک چھتری چاہئیے۔" درُوی سوچتی ہے۔ وہ گُل مُہر کے پیڑ کی طرف اُڑتی ہے۔ یہ تو ایک مضبوط، سُرخ چھتری لگ رہی ہے۔

اِس کے پتّے تو بہت ہی چھوٹے ہیں. "اِتنے چھوٹے ہیں کہ یہ ایک چیونٹی کو بھی ڈھک نہیں سکتے۔ درُوی سوچتی ہے.مجھے کچھ اس سے بڑا چاہئیے۔

ایک بڑے، تارے کی شکل کے پتّے پر دُروی کی نظر پڑتی ہے۔"پپیتے کے پتّوں سے ایک خوبصورت چھتری بن سکتی ہے۔" دُروی سوچتی ہے." اوہ نہیں! اس سے تو بارش کا سارا پانی اندر ہی آجاتا ہے۔"

تیز ہوائیں چلنے لگیں، لیکن دُروی کو کوئی چھتری نہیں ملی. اُس نے ایک پیڑ کی ٹہنی کے نیچے چھُپنے کی کوشش کی، لیکن پودے کے نازک پتّے سِمٹ گئے! "کتنے بے رحم ہو تم!" دُروی نے چھوئی موئی کے پودے کو کہا.

دُروی کافی پریشان ہے. جنگل مختلف قسم کے پتّوں سے بھرا ہوا ہے. موٹے اور پتلے پتّے، چھوٹے اور بڑے پتّے، لیکن چھتری کے لیے کوئی بھی پتّا مناسب نہیں ہے۔

اچانک درُوی کی نظر برَگد کے پیڑ پر پڑتی ہے. اُس کے پتّے نہ تارے کی شکل کے ہیں اور نہ ہی خاردار ہیں.
پتّے نہ زیادہ بڑے اور نا ہی بہت چھوٹے ہیں.

دُروی بَرگد کے پیڑ کی طرف اُڑتی ہے. ایک پتّے کے نیچے دُبک جاتی ہے. اُسے اپنی چھتری مل گئی ہے.

## بھنبھریوں کے بارے میں مزید جانکاری

بھنبھریاں بہت عمدہ سیاح یا مسافر مانی جاتی ہیں. کچھ بھنبھریاں اپنے باغ اور کھیتوں میں نظر آنے والے پتنگوں کی طرح ہوتی ہیں. یہ بھارت سے افریقہ تک کھلے سمندر میں سفر کرتی ہیں. وہ بحرِ ہند کو پار کرنے میں تقریباً 16000 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہیں. بھارت سے ان کا سفر اکتوبر کے مہینے میں شروع ہوتا ہے اور وہ تنزانیہ جیسے ممالک میں جنوری کے مہینے میں پہنچتی ہیں. سفر کے دوران وہ مالدیو اور سیشیلز جیسے جزیروں پر آرام کرنے کے لیے رکتی ہیں.

اگر شدید سردی یا شدید گرمی ہو تو بھنبھریاں اُڑ نہیں سکتی. صبح کے وقت سورج سے گرمی حاصل کرنے کے لیے وہ اپنے پَر اچھی طرح پھیلاتی ہیں. اور دوپہر کے وقت ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے وہ اپنے پیٹ کا رُخ سورج کی طرف کرتی ہیں۔

## Story Attribution:

This story: دروی کی چھتری is translated by Khaja Moinoddin Shaikh . The © for this translation lies with SCERT, Maharashtra, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'An Umbrella for Druvi', by Shabnam Minwalla . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

## Images Attributions:

Cover page: A dragonfly flying in a garden, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Dragonfly flying over a frog in a pond, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Dragonflies flying over nests and webs, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A droplet of rain over a dragonfly, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Dragonfly looking at a tree, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Confused dragonfly looking at flowers, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Frog in a pond enjoying the rain, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Dragonfly in the rain looking for shelter, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Dragonfly looking sad and confused, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Banyan tree with flowers and plants around, by Malvika Tewari © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

# درُوی کی چھتری

(Urdu)

بارش سے بچاؤ کے لیے درُوی کو ایک چھتری کی ضرورت ہے. اس پتنگے کے ساتھ سفر کیجیے کہ وہ اپنے لیے مختلف ہتوں میں چھتری تلاش کر رہا ہے.

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.